| Introduction to LO Impress | |
|---|---|
| Narration | Time |
| LibreOffice Impress کے تعارفی سبق میں آپ کا استقبال ہے۔ | 00:00 |
| اس سبق میں ہم سیکھیں گے۔ | 00:04 |
| LibreOffice Impress کا تعارف | 00:07 |
| Impress کے مختلف Toolbars | 00:09 |
| نیا پریزینٹیشن کیسے بنائیں۔ | 00:12 |
| اسے MS PowerPoint presentation کے طور پر کیسے محفوظ کریں۔ | 00:15 |
| MS PowerPoint presentation کو کس طرح کھولیں۔ | 00:19 |
| Impress میں PDF document کس طرح بنائے جاتے ہیں۔ | 00:22 |
| LibreOffice Impress, LibreOffice Suite کا پریزینٹیشن مینیجر ہے۔ | 00:27 |
| اسے پُراثر پریزینٹیشنز بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ | 00:32 |
| یہ Microsoft Office PowerPoint کے مساوی ہے۔ | 00:35 |
| LibreOffice Impress مفت Open Source software ہے، جسے بلا قیمت استعمال اور تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ | 00:39 |
| LibreOffice suite شروع کرنے کے لئے، | 00:47 |
| یا تو آپ Microsoft Windows 2000 اور اس کے اعلیٰ ورژن مثلاً MS Windows XP یا MS Windows 7 کا استعمال کر سکتے ہیں یا آپ GNU/Linux کو آپکے آپریٹنگ سسٹم کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ | 00:50 |
| یہاں ہم Ubuntu Linux version10.04 اور LibreOffice Suite version 3.3.4 استعمال کر رہے ہیں۔ | 01:02 |
| اگر آپ کے پاس LibreOffice Suite موجود نہیں ہے تو | 01:12 |
| Impress کو Synaptic Package Manager کے ذریعہ نصب یعنی اِنسٹال کیا جا سکتا ہے۔ | 01:15 |
| Synaptic Package Manager کی مزید معلومات کے لئے | 01:19 |

| | |
|---|---|
| 01:22 | اس ویب سائٹ پر Ubuntu Linux Tutorials کا ملاحظہ کریں اور دی گئی ہدایات کے ذریعہ LibreOffice Suite نصب کریں۔ |
| 01:32 | LibreOffice Suite کے پہلے سبق میں تفصیلی ہدایات موجود ہیں۔ |
| 01:38 | یاد رہیکہ Impress کی تنصیب کے وقت 'Complete' کا آپشن استعمال کریں۔ |
| 01:43 | اگر آپ LibreOffice Suite نصب کر چکے ہیں۔ |
| 01:46 | LibreOffice Impress تک جانے کے لئے آپ اسکرین کے اوپر کی طرف بائیں جانب Applications اور پھر Office پھر LibreOffice آپشن پر کلک کریں۔ |
| 01:58 | LibreOffice کے مختلف اجزاء کے ساتھ ایک نیا ڈایلاگ باکس کھلے گا۔ |
| 02:03 | LibreOffice Impress تک پہنچنے کے لئے Presentation جزء پر کلک کریں۔ نئے ڈایلاگ باکس میں Create پر کلک کریں۔ |
| 02:13 | اس سے اصل Impress window میں ایک خالی پریزینٹیشن کھلے گا۔ |
| 02:18 | اب ہم Impress window کے اہم اجزاء کے بارے میں سیکھیں گے۔ |
| 02:22 | Impress window میں مختلف tool bars ہیں مثلاً ٹائٹل بار، مینیو بار، اسٹینڈرڈ ٹول بار، فارمیٹنگ بار اور اسٹیٹس بار۔ |
| 02:36 | سبق آگے بڑھنے پر ہم Toolbars کے بارے میں مزید سیکھیں گے۔ |
| 02:41 | ہم اپنا پہلا پریزینٹیشن بنانے کے لئے تیار ہیں !اب اس فائل کو بند کردیں۔ |
| 02:47 | اب ہم Applications کی طرف چلتے ہیں۔ Office پر کلک کریں، پھر LibreOffice Impress پر۔ |
| 02:56 | From template پر کلک کریں۔ |
| 02:59 | Recommendation of a strategy کا انتخاب کریں اور 'Next' بٹن پر کلک کریں۔ |
| 03:06 | Select a slide design ڈراپ ڈاون میں Presentation Backgrounds پھر Blue Border منتخب کریں۔ |
| 03:14 | Select an output medium فیلڈ میں Original منتخب کریں۔ |
| 03:19 | 'Next' بٹن پر کلک کریں۔ |
| 03:22 | یہ سلائڈ ٹرانزیشن بنانے کا پہلا قدم ہے۔ |

| | |
|---|---|
| دوسرے سبھی آپشن ویسے ہی چھوڑ کر 'Next' پر کلک کریں۔ | 03:26 |
| What is your name فیلڈ میں اپنا یا اپنی تنظیم کا نام ٹائپ کریں۔ میں A1 services ٹائپ کرونگا۔ | 03:32 |
| What is the subject of your presentation فیلڈ میں Benefits of Open Source ٹائپ کریں۔ | 03:41 |
| 'Next' پر کلک کریں۔ | 03:47 |
| یہ قدم پریزینٹیشن کے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔ | 03:49 |
| سبھی آپشن ڈیفالٹ طریقے سے چنے ہوئے ہیں۔ کچھ بھی نہ بدلیں۔ | 03:52 |
| وہ پریزینٹیشن کے مثالی عنوانات ہیں۔ | 03:58 |
| Create بٹن پر کلک کریں۔ | 04:01 |
| اب آپ نے LibreOffice Impress میں اپنا پہلا پریزینٹیشن تیار کردیا ہے۔ | 04:04 |
| اب ہم پریزینٹیشن کو محفوظ کرنا سیکھیں گے۔ | 04:09 |
| فائل اور سیو پر کلک کریں۔ | 04:13 |
| سیو کا ڈائیلاگ باکس کھلے گا۔ ہم اس فائل کا نام Sample-Impress رکھیں گے۔ اب 'سیو 'بٹن پر کلک کریں۔ | 04:15 |
| یاد رہے کہ Impress. ، odp یعنی اوپن ڈاکیومنٹ فارمیٹ کے extension کے ساتھ محفوظ ہوگا۔ | 04:25 |
| اب ہم فائل بند کردیں گے۔ پریزینٹیشن بند کرنے کے لئے File اور پھر Close پر کلک کریں۔ | 04:33 |
| اب ہم LibreOffice Impress کے پریزینٹیشن کو Microsoft PowerPoint کے پریزینٹیشن کے طور پر محفوظ کرنا سیکھیں گے۔ | 04:40 |
| ہم Sample Impress presentation پھر سے کھولیں گے۔ "File" پر پھر "Open" پر کلک کریں اور Sample Impress منتخب کریں۔ | 04:48 |
| ڈیفالٹ کے طور پر LibreOffice Impress دستاویزات کو Open document format (ODP)) میں محفوظ کرتا ہے۔ | 04:59 |
| پریزینٹیشن کو Microsoft PowerPoint کے طور پر محفوظ کرنے کے لئے۔ | 05:06 |
| "File" پر پھر Save as پر کلک کریں۔ | 05:11 |
| فائل ٹائپ میں Microsoft PowerPoint منتخب کریں۔ | 05:14 |

| | |
|---|---|
| فائل محفوظ کرنے کیلیئے جگہ کا انتخاب کریں۔ | 05:18 |
| Save بٹن پر کلک کریں۔ | 05:20 |
| Keep Current Format بٹن پر کلک کریں۔اب یہ فائل ppt کے طور پر محفوظ ہے۔ | 05:24 |
| اب file پر پھر close پر کلک کر کے اس فائل کو بند کریں۔ | 05:33 |
| اب ہم Microsoft PowerPoint Presentation کو LibreOffice Impress میں کھولنا سیکھیں گے۔ | 05:36 |
| " File" اور پھر " Open"پر کلک کریں۔ | 05:44 |
| جس ppt فائل کو آپ کھولنا چاہتے ہیں اسے تلاش کریں۔ | 05:46 |
| فائل چنیں اور "Open" پر کلک کریں۔ | 05:50 |
| بالاخر ہم LibreOffice Impress پریزینٹیشن کو PDF فائل کے طور پر اکسپورٹ کرنا سیکھیں گے۔ | 05:54 |
| "File" اور Export as PDF پر کلک کریں۔ PDF آپشنز کے ڈائیلاگ باکس میں سبھی آپشنز اسی طرح رہنے دیں Export پر کلک کریں۔ | 06:01 |
| فائل کے نام کے باکس میں Sample Impress ٹائپ کریں۔ | 06:12 |
| Save in folder کے فیلڈ میں اس جگہ کا انتخاب کریں جہاں فائل کو محفوظ کرنا چاہتے ہیں اور Save پر کلک کریں۔ | 06:16 |
| یہ دستاویز اب pdf فائل کے طور پر ڈیسک ٹاپ پر محفوظ ہے۔ | 06:23 |
| اسی کے ساتھ LibreOffice Impress کا یہ سبق ختم ہوتا ہے۔ | 06:29 |
| خلاصہ کلام : ہم نے LibreOffice Impress کا تعارف سیکھا۔ | 06:34 |
| Impress کے مختلف Toolbars سیکھے۔ | 06:39 |
| نیا پریزینٹیشن بنانے کا طریقہ | 06:42 |
| MS PowerPoint presentation کے طور پر محفوظ کرنے کا طریقہ۔ | 06:45 |
| MS PowerPoint پریزینٹیشن کو کھولنے اور PDF دستاویز کے طور پر اسے Impress میں ایکسپورٹ کرنے کا طریقہ۔ | 06:49 |
| اب آپ کیلیئے ایک مشق ہے۔ | 06:58 |

| | |
|---|---|
| 07:00 | نیا ڈاکیومنٹ کھولیں۔ پہلی سلائڈ میں کچھ جملے لکھیں۔ |
| 07:05 | اسے MS Powerpoint دستاویز کے طور پر محفوظ کریں۔ پھر اسے بند کردیں۔ |
| 07:11 | اب آپ کی محفوظ کردہ فائل کو دوبارہ کھولیں۔ |
| 07:15 | دی گئی لنک پر موجود ویڈیو دیکھیں۔ یہ اسپوکن ٹیوٹو ریلز پروجکٹ کا خلاصہ ہے۔ |
| 07:22 | اگر آپ کے پاس اچھی بینڈ وڈ تھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈاون لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں۔ |
| 07:26 | اسپوکن ٹیوٹو ریل پروجیکٹ ٹیم، اسپوکن ٹیوٹو ریلز کے ذریعہ ورکشاپس کا انعقاد کرتی ہے۔ |
| 07:32 | اور آن لائن امتحان میں کامیاب ہونے والوں کو سند دیتی ہے۔ |
| 07:36 | مزید معلومات کے لئے contact @ spoken ہائفن tutorial ڈاٹ org پر رابطہ قائم کریں۔ |
| 07:42 | اسپوکن ٹیوٹو ریل پروجیکٹ، ٹاک ٹو اے ٹیچر پروجیکٹ کا ایک حصہ ہے۔ یہ حکومت ہند کی وزارت برائے انسانی وسائل وترقی کے قومی تعلیمی مشن بذریعہ ICT کی مدد سے جاری ہے۔ |
| 07:55 | اس مشن کے بارے میں مزید معلومات spoken hyphen tutorial dot org slash NMEICT hyphen Intro پر دستیاب ہے۔ |
| 08:07 | اس سبق کا ترجمہ میں، ڈاکٹر سمیہ پیٹی والا نے کیا ہے۔ میں وجاہت احمد اب آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔ ہمارے ساتھ شریک ہونے کا بہت شکریہ۔ |